WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

عرب لیگ کے سیکرٹری جنرل کا سرکاری دورۂ ہند، 16 تا 18 دسمبر، 2013

نئی دہلی 17 دسمبر (آئی این ایس انڈیا)

عرب لیگ کے سکریٹری جنرل ڈاکٹر نبیل العربی ، وزیر خارجہ جناب سلمان خورشید کی دعوت پر 16 سے 18 دسمبر، 2013 تک ہندوستان کے سرکاری دورہ پر آئے۔

اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر نبیل العربی نے معزز نائب صدر جناب ایم حامد انصاری اور وزیر خارجہ جناب سلمان خورشید سے ملاقات کی اور شام اور مشرق وسطی امن عمل کے ساتھ ساتھ مکمل دوطرفہ اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا۔

اس دورے کے دوران ہندوستان اور عرب لیگ کے درمیان نئے تعاون کی یادداشت اور سال 16-2014 کے لئے نئے خصوصی پروگرام پر دستخط کئے گئے۔ان دستاویزات کا مقصد، ہندوستان اور 22 رکنی عرب ممالک کے درمیان اعلی حکام اور وزراء کی سطح پر شراکت داری کا بندوبست کر کے تعلقات کو نئی رفتار فراہم کرنا ہے۔اس میں تجارت اور سرمایہ کاری، توانائی، چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں، ثقافت، صلاحیت تعمیر وغیرہ جیسے مختلف شعبوں میں تعاون کا بھی تصور ہے۔

ہندوستان اور عرب ممالک کے درمیان مضبوط تاریخی، ثقافتی اور تہذیبی رشتے ہیں۔بات چیت اور تبادلہ خیال کے ذریعے بین الاقوامی امن اور سلامتی قائم کرنے، اسے بڑھانے کے عزم مصمم کے ساتھ ساتھ کولونزم کی مخالفت اور جنوبی تعاون میں مشترکہ تعاون کا بنیادی خاکہ تیار کرتا ہے۔

نئی دہلی،

17 دسمبر، 2013

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681